کیا توقع کریں: پیشہ ورانہ علاج

استعدادی علاج (جسے اکثر آکیوپیشنل تھراپی **[OT]** کہا جاتا ہے) لوگوں کو ان کاموں میں مدد کرنے کے لیے حل تلاش کرنے میں مدد کرتا ہے جو ان کے لیے اہم ہیں (جنہیں 'افعال' کہا جاتا ہے)۔ استعدادی پیشہ ور معالجین لوگوں کو کام کرنے کے نئے طریقے سیکھنے، مہارتیں دوبارہ حاصل کرنے اور نئے ہنر اپنانے میں مدد کرتے ہیں، ایسے مواد یا آلات کا استعمال کرتے ہیں جو زندگی کو آسان بناتے ہیں، اور/یا بہتر کام کرنے کے لیے ان کے ماحول کو اپناتے ہیں۔

افعال، سرگرمیوں یا مہارت کے ایسے شعبے ہیں جو فرد کے لیے با معنی ہوں اور/یا روزمرہ کی زندگی میں درکار ہوں۔ "افعال" کی کچھ مثالوں میں شامل ہیں:



- اپنی دیکھ بھال: چیزیں جیسے بیت الخلاء جانا، کپڑے پہننا، کھانا کھانا
- باآور صلاحیت: کھیل، اسکول، یا کام کے ذریعے
- مہلت فرصت: کھیل یا تفریح کے ذریعے



جب ایک پیشہ ور معالج کسی فرد کے ساتھ آٹزم کے دائرۂ کار پر کام کر رہا ہوتا ہے، تو وہ اکثر ان افعال سے متعلق مختلف قسم کی مہارتوں اور حکمت عملیوں پر غور کریں گے۔ کچھ مہارتیں جن پر توجہ دی جا سکتی ہے ان میں شامل ہیں:

- حس بڑھانے کی مہارتیں،
- حرکاتی مہارتیں،
- ذہنی صحت کی حکمت عملیاں،
- انتظامی کام کرنے کی حکمت عملیاں اور
- سماجی مہارتیں۔

دیگر خدمات فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر کام کرنا

آپ کو مختلف ترتیبات میں استعدادی پیشہ ور معالجین کا سامنا ہوسکتا ہے، بشمول ہسپتال، اسکول، طویل مدتی نگہداشت کی ترتیبات، علاقے میں، اور نجی بیمہ فراہم کنندگان کے ذریعے۔ استعدادی پیشہ ور معالجین اکثر بہت سے دوسرے خدمات فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تاکہ افراد کو ان کے مقاصد کو پورا کرنے میں مدد ملے۔ اگرچہ ایسی مہارتیں ہو سکتی ہیں جو یکساں ہو جائیں، لیکن ہر فراہم کنندہ تخلیقی حل تلاش کرنے کے لیے مختلف طریقۂ کار کا استعمال کرتے ہوئے اہداف اور مہارتوں تک پہنچ سکتا ہے۔

استعدادی پیشہ ورانہ علاج کیسے کام کرتا ہے؟

بتدائی ملاقات اور/یا تشخیص

• سب سے پہلے، فرد اور اس کے گھرانے کے ساتھ مسائل پر بات چیت اور ترجیحات کے لیے ابتدائی ملاقات ہوتی ہے۔
• اس میں کسی فرد کے نقطۂ آغاز (یا ان کی بنیادی حد) کا تعین کرنے کے لیے معیاری یا غیر رسمی جائزوں کو مکمل کرنا بھی شامل ہو سکتا ہے۔

اہداف طے کرنا اور منصوبہ بندی

- معالج مخصوص علاج کے اہداف کے ساتھ علاج کا منصوبہ بنانے کے لیے گھرانے کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔
- مل کر بنائے گئے علاج کے اہداف فرد کی استعداد پر مبنی ہوتے ہیں اور مشاہدے یا تشخیص کے ذریعے پیمائش کے قابل ہونے چاہئیں۔



علاج (تھراپی)

• معالج علاج کے مخصوص اہداف کے ساتھ علاج کا منصوبہ بنانے کے لیے گھرانے کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔
• مل کر بنائے گئے علاج کے اہداف فرد کی استعداد پر مبنی ہوتے ہیں اور مشاہدے یا تشخیص کے ذریعے پیمائش کے قابل ہونے چاہئیں۔
• جب علاج شروع ہوتا ہے، استعدادی پیشہ ور معالج فرد کے ساتھ ان کے مقاصد سے متعلق مختلف سرگرمیوں، آلات، اور/یا ماحولیاتی تبدیلیوں کا استعمال کرتے ہوئے کام کرتا ہے۔



تشخیص

• ایک بار علاج کا منصوبہ علاج کے سیشنوں کے ایک سلسلے کے ذریعے شروع کر دیا جائے، تو تشخیص اور دوبارہ جانچ کا عمل جاری رہتا ہے اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا اہداف اور منصوبہ کام کر رہے ہیں یا اسے دوبارہ ترتیب دینے کی ضرورت ہے ۔



آنٹیریو میں استعدادی پیشہ ورانہ علاج کی خدمات کون فراہم کر سکتا ہے؟

استعدادی پیشہ ورانہ علاج کی خدمات فراہم کی جا سکتی ہیں بذریعہ:

- کالج آف آکیوپیشنل تھراپسٹ آنٹیریو کے (COTO) کے ساتھ اندراج شدہ استعدادی پیشہ ور معالج
- استعدادی پیشہ ور معاون معالج (اندراج شدہ آکیوپیشنل تھراپسٹ[OT] کے زیر نگرانی)
- استعدادی پیشہ ور معاون معالج (اندراج شدہ آکیوپیشنل تھراپسٹ[OT] کے زیر نگرانی)

مہارت کے دیگر شعبے ہیں جن کے لیے اضافی تربیت کی ضرورت ہو سکتی ہے (مثلاً نفسیاتی علاج)

گھرانے استعدادی پیشہ ورانہ علاج کی خدمات تک کیسے رسائی حاصل کرتے ہیں؟

آنٹیریو آٹزم پروگرام (OAP) کی فراہم کنندگان کی فہرست آنٹیریو کے گھرانوں کو آٹزم کی خدمات کے فراہم کنندگان کی تلاش، انتخاب اور اہلیت کی تصدیق کرنے میں مدد کرتی ہے۔ آنٹیریو کے کالج آف آکوپیشنل تھراپسٹ کے پاس ایک پیشہ ورانہ خدمات کی ڈائرکٹری (coto.org) بھی ہے جہاں آپ لائسنس یافتہ صحت کے پیشہ ور افراد تلاش کر سکتے ہیں۔

ذہن میں رکھیں کہ استعدادی پیشہ ورانہ علاج ایک ٹیم کی کوشش ہے؛ آپ کا استعدادی پیشہ ور معالج آپ کا ساتھی ہے اور آپ کے علاج کے منصوبے میں فعال کردار ادا کرنے میں آپ کی مدد کرنا چاہتا ہے۔ استعدادی پیشہ ورانہ علاج کی خدمات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لیے، یہ ضروری ہے کہ گھرانہ سوالات پوچھے، خود ترغیب دے، اور سیکھنے کے اس تجربے کو، جو کہ آپ کے بچے اور آپ کے خاندان کی بہترین مدد کرتا ہے، یقینی بنانے کے لیے اس میں شامل ہوں۔

آٹزم کمیونٹی کی مزید معلومات، وسائل اور خدمات کے لیے، براہ کرم **autismontario.com** ملاحظہ کریں۔